PR.No. 31/2026
**FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT
OF PAKISTAN**
******
Islamabad, the 14th August, 2026

**FLAG HOISTING CEREMONY HELD AT THE FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT OF PAKISTAN ON INDEPENDENCE DAY**

Pakistan's Independence Day was celebrated at the Federal Constitutional Court of Pakistan with national spirit, dignity and due solemnity. A graceful flag-hoisting ceremony was held at the Court premises, attended by the Hon'ble Chief Justice, Mr. Justice Amin-ud-Din Khan; Mr. Justice Muhammad Karim Khan Agha; Mr. Justice Syed Arshad Hussain Shah; Secretary to Chief Justice Mr. Mazhar Javed Bhatti, the Registrar Mr. Muhammad Hafeez Ullah Khan; and officers and officials of various Wings and Directorates of the Court.

The ceremony formally commenced with the recitation of the Holy Quran. Thereafter, the Honourable Chief Justice, Mr. Justice Amin-ud-Din Khan, hoisted the national flag, followed by the national anthem. On the occasion, a special prayer was offered for the security and sovereignty of Pakistan, as well as for peace, stability, progress, prosperity and the continued elevation of the nation.

In his special address, the Honourable Chief Justice observed that although the present and younger generations had not personally endured the sacrifices made by their forefathers, they remained conscious of those sacrifices and could still witness their enduring impact. He emphasized the responsibility of passing these values on to future generations so that they may truly appreciate the freedom they enjoy and understand the immense sacrifices made by their forefathers for the creation of Pakistan.

The Honourable Chief Justice further stated that the message and guiding principles for life are already before us; what is required is due attention and sincere action. He emphasized that the true character of an institution should be reflected not merely through words, but through its actions, and expressed the resolve that the Federal Constitutional Court of Pakistan should distinguish itself as an exemplary institution. He further stressed that the responsibilities entrusted by Almighty Allah to serve the people must be discharged in the best possible manner, adding that the institution's true success lies in the satisfaction of the people it serves.

The special participation of children added to the joy of the Independence Day celebrations and further enhanced the spirit of patriotism on the occasion.

At the conclusion of the ceremony, the Honourable Chief Justice, Honourable Judges and the Registrar joined the participants for a commemorative group photograph. The ceremony concluded with a renewed resolve for the security, progress and prosperity of Pakistan and the strengthening of national unity.

https://www.facebook.com/share/1Ed4vAEkQj/
https://www.instagram.com/fccp_pakistan
https://x.com/FCCP_pakistan
https://bit.ly/4v7P5ps

**Dr. Bibi Ameena**
Director, Media Affairs
& Public Relations

# وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان میں یومِ آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی پُر وقار تقریب

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان میں یومِ آزادی قومی جذبے، ملی وقار اور شایانِ شان انداز میں منایا گیا۔اس موقع پر عدالت کے احاطے میں پرچم کشائی کی پُر وقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں معزز چیف جسٹس جناب امین الدین خان، جسٹس جناب محمد کریم خان آغا، جسٹس جناب سید ارشد حسین شاہ، سیکریٹری جناب مظہر جاوید بھٹی، رجسٹرار جناب محمد حفیظ اللہ خان، نیز عدالت کے مختلف ونگز اور ڈائریکٹوریٹ کے افسران واہلکاروں نے شرکت کی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ بعد ازاں معزز چیف جسٹس جناب امین الدین خان نے پرچم کشائی کی، جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔اس موقع کی مناسبت سے پاکستان کی سلامتی، خود مختاری، امن واستحکام، ترقی وخوش حالی اور قوم کی سربلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

اپنے خصوصی خطاب میں معزز چیف جسٹس نے کہا کہ اگرچہ ہم اور ہمارے بچوں نے خود قربانیوں میں حصہ نہیں لیا، جیسے ہمارے بزرگوں نے لیا لیکن ہمیں احساس ہے اور اس کا رنگ ہمیں تھوڑا نظر آیا، ہمیں اپنے بچوں کو وہ قدریں منتقل کرنی ہیں، تبھی وہ اس کی قدر کر سکیں گے، جب انھیں پتا چلے گا ہمارے بزرگوں نے کتنی قربانیاں دی ہیں۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ پیغام اور پوری زندگی کا جو لائحہ عمل ہے وہ ہمارے پاس موجود ہے، صرف خیال کرنے اور عمل کرنے کی ضرورت ہے ہمارا ادارہ الفاظ سے نہیں ہمارے اعمال سے نظر آنا چاہیے، کہ پورے پاکستان میں اس جیسا کوئی ادارہ نہیں۔اور اللہ نے ہمیں خدمت کرنے کی جو ذمہ داریاں دیں ہیں وہ احسن اقدام میں پوری ہونی چاہیں، جب لوگ مطمئن ہوں گے تب ہی ہماری کامیابی ہوگی۔

تقریب میں بچوں کی خصوصی شرکت نے جشنِ آزادی کی مسرت اور قومی جذبے کو مزید دوبالا کر دیا۔

تقریب کے اختتام پر معزز چیف جسٹس، معزز جج صاحبان اور معزز رجسٹرار نے شرکائے تقریب کے ہمراہ یادگاری گروپ تصویر بنوائی۔یوں یہ پُر وقار تقریب ملکی سلامتی، ترقی و خوش حالی اور قومی یکجہتی کے عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔